ضابطۂ اخلاق

PAKISTAN BUREAU OF STATISTICS
Government of Pakistan

کام کی جگہ پر خواتین کو ہراساں کرنے سے تحفظ کیلئے ضابطۂ اخلاق ایکٹ، ۲۰۱۰ء

(بشمول ترمیمات ۲۰۲۲ء)

شیڈول (دفعات ۲ (ج) اور ۱۱)

جبکہ خواتین کو ہراساں کیے جانے کے خلاف تحفظ فراہم کرنے کے لیے کام کی جگہوں پر ضابطہ اخلاق بنانا ضروری ہے۔
جو ذیل میں فراہم کیا گیا ہے:

ہر ادارے پر لازم و ملزوم ہے کہ وہ اپنے ادارے میں کام کرنے والوں کو ہراسیت کے خلاف ان کے حقوق کی آگاہی دے اور ضابطہ اخلاق کام کے نمایاں مقامات پر آویزاں کرے۔

ہراسیت کیا ہے؟

کوئی بھی ناپسندیدہ جنسی عمل، جنسی خواہشات کا اظہار، گھورنا یا سائبر سٹاکنگ یا دیگر زبانی، بصری یا تحریری رابطہ یا جنسی نوعیت کا جسمانی برتاؤ یا جنسی طور پر توہین آمیز سلوک سمیت کوئی بھی اشارے یا اظہار، توہین آمیز مفہوم کا اظہار کرنے والے کام جو کہ کارکردگی میں مداخلت کا باعث بنتے ہیں، دھمکی آمیز، معاندانہ یا جارحانہ کام کا ماحول بنانا یا شکایت کنندہ کو ایسی درخواست کی تعمیل کرنے سے انکار کرنے پر سزا دینے کی کوشش کرنا یا ملازمت کے لیے شرط رکھنا؛ یا
جنس کی بنیاد پر امتیازی سلوک، خواہ وہ جنسی نوعیت کا ہو یا نہ ہو، لیکن جو امتیازی اور متعصبانہ ذہنیت دکھاتا ہو، جس کے نتیجے میں شکایت کنندہ کے خلاف جنس کی بنیاد پر امتیازی سلوک کیا جائے۔

ہراسیت کی تین قسمیں:

۱- اختیارات کا غلط استعمال:

کوئی بھی با اختیار افسر جو اپنے ماتحت کو نوکری میں فائدہ پہنچانے کی غرض سے جسمانی تعلق رکھنے پر مجبور کرے۔

۲- دفتری ماحول میں خوف و ہراسیت پیدا کرنا:

جس سے کام کی جگہ پر ملازمین اپنے آپ کو غیر محفوظ سمجھیں۔

۳- انتقامی کارروائی:

ایسا افسر جو اپنی ناجائز خواہشات پوری نہ ہونے پر انتقامی طور پر اپنے ماتحت کے کام میں رکاوٹ پیدا کرے۔

اپنے ادارے میں انکوائری کمیٹی کو شکایت:

- ہر ادارے پر لازم ہے کہ وہ "تحفظ برائے ہراسیت بمقام کار ایکٹ ۲۰۱۰ء" کے تحت انکوائری کمیٹی بنائے۔
- انکوائری کمیٹی (۳) افراد پر مشتمل ہو گی جن میں سے کم از کم ایک خاتون کا ہونا لازمی ہے۔
- ادارے میں شکایت کمیٹی کے کسی بھی فرد کو کی جا سکتی ہے۔
- انکوائری کمیٹی کے ممبران کے نام اور رابطے کی تفصیلات دفتر میں نمایاں مقامات پر آویزاں کرے۔
- دورانِ انکوائری درخواست گزار اور الزام کنندہ کو ایک دوسرے سے علیحدہ کر دیا جائے۔
- انتقامی کاروائی پر کڑی نظر رکھی جائے گی۔
- اگر ادارے میں انکوائری کمیٹی موجود نہیں ہے یا فعال نہیں ہے تو FOSPAH میں شکایت درج کروائی جا سکتی ہے۔

FOSPAH میں اپیل:

- متاثرہ فرد جو کہ کمیٹی کے فیصلے سے متفق نہ ہو، وہ FOSPAH میں اپیل کر سکتا ہے۔
- اپیل فیصلہ آنے کے ۳۰ دن کے اندر کی جا سکتی ہے۔

FOSAPH میں شکایت:

- ادارے کے علاوہ وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسیت کے پاس بھی شکایات درج کروائی جا سکتی ہیں۔
- FOSPAH میں شکایت آن لائن یا بذریعہ ڈاک یا خود بھی جمع کروائی جا سکتی ہے۔

اس ضمن میں پاکستان ادارہ شماریات کی انکوائری کمیٹی کے ممبران کے نام اور رابطہ نمبر درج ذیل ہیں:-

نمبر شمار	نام مع عہدہ	ٹیلی فون نمبر	ای میل ایڈریس
1	محترمہ رابعہ اعوان، ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل / چیئرپرسن کمیٹی	051-9106581	rabia.awan@pbs.gov.pk
2	قاضی سعید الحسن، ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن) / ممبر کمیٹی	051-9106533	qazisaeedulhassan@gmail.com
3	محترمہ زرتاشیہ حسین، چیف سٹیٹسٹیکل آفیسر / ممبر کمیٹی	051-9262117	zartashiahussain1980@gmail.com

پاکستان ادارہ شماریات
پلاٹ نمبر 21، ماو ایریا، سیکٹر G-9/1، اسلام آباد